سوال

کیا خاوند بیوی کو بال رنگنے اور کاٹنے سے روک سکتا ہے ؟ اور کیا بیوی خاوند کی مرضی کے بغیر اس دلیل کے ساتھ ایسا کر سکتی ہے کہ اس نے حرام کام تو نہیں بلکہ مباح کام کیا ہے ؟ اگر خاوند بیوی کو معصیت کا حکم نہ دے تو خاوند کی اطاعت کی حدود کیا ہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اول :

بیوی پر خاوند کی اطاعت واجب ہے؛ کیونکہ خاوند کو عورت پر حق نگرانی و حکمرانی حاصل ہے :

اللہ تعالی کا فرمان ہے :

مرد عورتوں نگران و حکمران ہیں النساء (34).

ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" علی بن ابو طلحہ نے ابن عباس رضی اللہ تعالی سے بیان کیا ہے :

مرد عورتوں پر نگران و حکمران ہیں : یعنی وہ ان پر حاکم ہیں اللہ تعالی نے جس میں خاوند کی اطاعت کا حکم دیا ہے اس میں اس کی اطاعت کی جائیگی، اور خاوند کی اطاعت یہ ہے کہ بیوی اس کے اہل و اولاد اور مال کی محافظ ہو

سدی اور مقاتل اور ضحاک نے بھی ایسے ہی کہا ہے " انتہی

دیکھیں : تفسیر ابن کثیر (2/293).

خاوند کی اطاعت کے وجوب سے دو چیزیں مستثنی ہیں :

اول :

اگر خاوند کی اطاعت کے نتیجہ میں معصیت و نافرمانی ہوتی ہو، یا تو ترک واجب لازم آتا ہو یا پھر حرام کام کا ارتکاب، تو اس حالت میں عورت کے لیے اپنے خاوند کی اطاعت کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" اللہ تعالی کی معصیت میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں "

صحیح بخاری حدیث نمبر (6830) صحیح مسلم حدیث نمبر (1840).

دوم :

خاوندكى اطاعت كے نتيجہ ميں عورت كو ضرر و نقصان ہو، يا پھر اس كے حقوق كے ضياع كا باعث بنے، تو اس حالت ميں عورت پر خاوند كى اطاعت واجب نہيں ہوگى، كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے :

"اطاعت و فرمانبردارى تو نيكى و اطاعت ميں ہے "

اور ايك حديث ميں رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے :

"نہ تو خود نقصان اٹھاؤ اور نہ ہى كسى دوسرے كو نقصان دو"

دوم :

عورت كے ليے بال كاٹنے اور رنگنے جائز ہيں، ليكن شرط يہ ہے كہ يہ كٹنگ مردوں يا پھر كافر عورتوں يا فاسق و فاجر عورتوں كے مشابہ ہو، اور سياہ رنگ نہ كيا جائے

عورتوں كا بال كاٹنا اور رنگنے كا حكم سوال نمبر (139414) اور (82671) كے جواب ميں تفصيل سے بيان كيا گيا ہے آپ اس كا مطالعہ كريں

اور اگر خاوند بال كاٹنے اور رنگنے كى اجازت نہيں ديتا تو پھر عورت كے ليے ايسا كرنا جائز نہيں؛ كيونكہ اسے خاوند كى اطاعت كا حكم جب تك اطاعت كے نتيجہ ميں معصيت نہ ہوتى ہو، اور اس ليے بھى كہ خاوند كا حق ہے كہ بيوى اس كے ليے بناؤ سنگھار اور خوبصورتى اختيار كرے، اور بلاشك و شبہ عورت كے بال عورت كى خوبصورتى و جمال ميں اضافہ كرتے ہيں

واللہ اعلم .

الاسلام سوال و جواب

174932